© rasailojaraid.com



(xvi): ٹل سے مولانا مفتی شاہ عبدالعزیز کی قیادت میں وفد آئی۔

(xvii): مولانا فضل علی حقانی وزیر تعلیم صوبہ سرحد کی قیادت میں کثیر تعداد میں علماء سرحد کی وفد آئی۔

(xviii): جامعہ امدادالعلوم پشاور سے شیخ الحدیث مولانا حسن جان کے زیر قیادت علماء کی وفد آئی۔

(xix): مولانا حافظ اختر علی وزیر اوقاف صوبہ سرحد کے زیر نگرانی علماء کی وفد آئی۔

(xx): شمالی وزیرستان کے مدارس سے علماء کی مشترکہ وفد آئی۔

(xxi): ڈیرہ اسماعیل خان سے مشترکہ علماء کی وفد آئی۔

(xxii): مولانا اسداللہ بھٹو کراچی سے جماعت اسلامی کے مشترکہ وفد کی سرپرستی فرمارہے تھے۔

## تعزیتی خطوط

ذیل میں ہم اُن حضرات کا مختصر سا تذکرہ کرتے ہیں جنہوں نے خطوط کے ذریعے غم خواری ظاہر کر کے ہماری حوصلہ آفزائی فرمائی۔

الهيئة الخيرية الاسلامية العالمية الكويت، جمعية الشيخ عبداللہ نوری الکویت، رابطہ العالم الاسلامی اسلام آباد پاکستان، شیخ الحدیث مولانا ڈاکٹر شیر علی شاہ المدنی، سپیکر قومی اسمبلی آف پاکستان جناب چوہدری امیر حسین صاحب، ایڈیشنل سیکریٹری ایڈمینسٹریشن آف پاکستان جناب محمد رفیق صاحب، پروڈکشن اینڈ سپیشل پارلیمنٹری سیکریٹری جناب صحبت علی تالپور صاحب،

(1) زیر نظر خط محترم زبیر شاہ صاحب سیکریٹری اوقاف صوبہ سرحد پشاور سے بذریعہ فیکس آیا ہے۔

(۱) جناب نسیم علی شاہ صاحب　پسر مرحوم سید نصیب علی شاہ ممبر قومی اسمبلی پاکستان

(۲) جناب مولانا محمد نواز بنوی صاحب　ناظم اعلیٰ جامعہ المرکز الاسلامی بنوں

مرحوم سید نصیب علی شاہ الہاشمی (ممبر قومی اسمبلی) کی ناگہانی وفات کا سن کر دلی صدمہ ہوا۔ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس عطا فرمائیں۔ اور آپ کو دلی سکون اور اس عظیم صدمہ کو برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ امین

(2) یہ خط　محترم جناب سمیع الحق مہتمم جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی طرف سے آیا ہے۔

برادر عزیز مکرمی مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب و برادران عزیز　　حفظھم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،،،

حضرت علامہ مولانا سید نصیب علی شاہؒ صاحب کا سانحۂ ارتحال سے بے پناہ صدمہ ہوا ہے عملی دنیا کا تو خسارہ ہے ہی ناچیز سے زمانہ طالب علمی حقانیہ میں جو خصوصی قرب و تعلق رہا اور اس بناء پر ناچیز کے تحریری و تعلیمی کاموں بالخصوص ماہنامہ الحق کے انتظامی و دفتری امور تک میں انہماک اور دلچسپی اور علمی تحقیقی کاموں میں میرے احساسات اور جذبات سے ہم آہنگی ان سارے

© rasailojaraid.com